www.understandquran.com

# سبق-5: لَ، مِنْ، عَنْ

**گرامر**: ہم جو الفاظ لکھتے پڑھتے اور بولتے سنتے ہیں، ان کی تین اقسام ہیں: (1) اسم (2) فعل (3) حرف۔

**حرف**: جو اسم یا فعل کو ملائے، مثلاً: لَ، مِنْ، عَنْ وغیرہ۔

اس سبق میں ہم تین حروف سیکھیں گے۔ لَ، مِنْ، عَنْ۔ یہ تین حروف سات ضمائر کے ساتھ مل کر تقریباً 2521 بار آئے ہیں۔ ان تین حروف کے معانی یاد رکھنے کے لیے ان کی مثالوں کو بھی اچھی طرح یاد رکھیے:

**لَ: لیے**

| لَكُمْ | دِيْنُكُمْ | وَلِيَ | دِيْنِ |
|---|---|---|---|
| تمہارے لیے | تمہارا دین | اور میرے لیے | میرا دین |

**مِنْ: سے**

| اَعُوْذُ | بِاللّٰهِ | مِنَ الشَّيْطٰنِ | الرَّجِيْمِ |
|---|---|---|---|
| میں پناہ میں آتا ہوں | اللہ کی | شیطان سے | جو مردود ہے |

**عَنْ: سے**

| رَضِيَ | اللّٰهُ | عَنْهُ |
|---|---|---|
| راضی ہوا | اللہ | اس سے |

| لَ: لیے، ...for (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) | |
|---|---|
| لَهٗ | اس کے لیے |
| لَهُمْ | ان سب کے لیے |
| لَكَ | آپ کے لیے |
| لِيْ | میرے لیے |
| لَكُمْ | آپ سب کے لیے |
| لَنَا | ہم سب کے لیے |

*** (عربی بول چال) ***

فرض کیجیے کہ مجھے آپ سے کوئی چیز ملی تو میں آپ سے پوچھوں گا

أَهٰذَا لَهٗ؟ — نَعَمْ، هٰذَا لَهٗ.

أَهٰذَا لَهُمْ؟ — نَعَمْ، هٰذَا لَهُمْ.

أَهٰذَا لَكَ؟ ← نَعَمْ، هٰذَا لِيْ.

أَهٰذَا لَكُمْ؟ ← نَعَمْ، هٰذَا لَنَا.

www.understandqurann.com

| مِنْ: سے، ساتھ، ...from | |
|---|---|
| مِنْهُ | اس سے |
| مِنْهُمْ | ان سب سے |
| مِنْكَ | آپ سے |
| مِنِّي | مجھ سے |
| مِنْكُمْ | آپ سب سے |
| مِنَّا | ہم سب سے |

*** (عربی بول چال) ***

فرض کیجیے کہ مجھے آپ سے کوئی چیز ملی تو میں آپ سے پوچھوں گا

أَهٰذَا مِنْهُ؟ — نَعَمْ، هٰذَا مِنْهُ.

أَهٰذَا مِنْهُمْ؟ — نَعَمْ، هٰذَا مِنْهُمْ.

أَهٰذَا مِنْكَ؟ ← نَعَمْ، هٰذَا مِنِّي.

أَهٰذَا مِنْكُمْ؟ ← نَعَمْ، هٰذَا مِنَّا.

| عَنْ: سے، بارے میں، with | |
|---|---|
| عَنْهُ | اس سے |
| عَنْهُمْ | ان سب سے |
| عَنْكَ | آپ سے |
| عَنِّي | مجھ سے |
| عَنْكُمْ | آپ سب سے |
| عَنَّا | ہم سب سے |

ہم نے اس سے پہلے سیکھا رَبُّهٗ: اس کا رب، رَبُّهَا: اس عورت کا رب۔ اسی طرح:

| | |
|---|---|
| لَهٗ: اس کے لیے | لَهَا: اس عورت کے لیے |
| مِنْهُ: اس سے | مِنْهَا: اس عورت سے |
| عَنْهُ: اس سے | عَنْهَا: اس عورت سے |